## سوال

(52) مسلمان ہونے کےلئے ایک مذہب حنفی شافعی وغیرہ ہونا الخ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مسلمان ہونے کےلئے ایک مذہب حنفی شافعی وغیرہ ہونا خدا اور رسول ﷺ نے شرط کیا ہے یا نہیں؟ اور پیغمبر صاحب اور اصحاب رضوان اللہ عنہم اجمعین اور اماموں کے وقت میں لوگ حنفی یا شافعی وغیرہ کہلاتے تھے یا نہیں اور اماموں نے اپنی تقلید کرنے کو کہا ہے یا نہیں؟ اور پیغمبر صاحب ﷺ کے بعد کئی سو برس تک مسلمان لوگ تقلید ایک امام خاص کی نہین کرتے تھے۔ اور وہ مسلمان غیر مقلد اصحاب رضوان اللہ عنہم اجمعین اور تابعین اچھے اور سچے مسلمان تھے یا ان کے بعد کے مقلدین حنفی شافعی کہلانے والے حدیث اور قرآن کے عامل سے ناراض ہونے والے اچھے ہیں۔ اور پیغمبر صاحب ﷺ نے صحابہ رضوان اللہ عنہم اجمعین اور تابعین غیر مقلد لوگ کے زمانے کو اچھا کہا ہے۔ یا نہیں۔ اور اس کے بعد کے زمانے میں جھوٹ اور گناہ پھیلنے کی خبر دی ہے۔ یا نہیں قوی دلیل سے بیان کیجے۔ ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نام میرا مولوی عبد الحئ ابن مولوی عبد االحلیم صاحب ساکن فرنگی محل عمر تخمینا 33 سال بقول صالح بیان کرتا ہوں۔ حنفی ہونا مسلمان میں شرط نہیں کیا گیا اور پیغمبر صاحب ﷺ اصحابرضوان اللہ عنہم اجمعین اور امام کے وقت میں حنفی شافعی وغیرہ سے مسلمان سوم نہ تھے۔ اماموں نے اپنے قول کی تقلید کی اجازت دی ہے۔ اس حالت میں جب خلاف قرآن و حدیث نہ ہو۔ مسلمان زمانہ اصحابرضوان اللہ عنہم اجمعین اور تابعین کے اچھے تھے ان لوگوں سے جو عامل مقلدین قرآن وحدیث سے ناراض ہیں اور پیغمبر صاحب ﷺ نے زمانہ صحابہرضوان اللہ عنہم اجمعین تابعین اور تبع تابعین کو اچھا کہا ہے اور پچھلے زمانے میں جھوٹ اور گناہ پھیلنے کی خبر دی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد11 ص181

محدث فتویٰ